Session 8th
No 33
Date 4/9/2019
Department Health

تحریک استحقاق نمبر

جناب سپیکر صاحب میرے حلقہ PK-60 ضلع چارسدہ میں محکمہ صحت کے مختلف (BHUs) اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں سٹاف کی کمی کا سلسلہ چل رہا ہے جس کی وجہ سے متعلقہ اداروں کے انتظامی امور کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے اس سلسلے میں میں نے مسلسل ڈی ایچ او ضلع چارسدہ سے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن موصوف مجھ سے رابطہ کرنے کی زحمت گوارہ نہیں کر رہا۔ لہٰذا اس سلسلے میں میں نے جناب خالد خان صاحب، چیئرمین، ڈی ڈی اے سی سے درخواست کی کہ آپ اپنے دفتر میں میٹنگ بلوائے تاکہ جناب فیاض خان صاحب، DHO سے تفصیلی بات ہو سکے۔

جناب سپیکر صاحب، DHO صاحب نے انٹریو کا وجہ بناتے ہوئے آنے سے معذرت کر لی اس کے بعد جناب خالد خان صاحب، چیئرمین، DDAC نے DC چارسدہ سے درخواست کی کہ وہ اپنے آفس میں میٹنگ بلائے تاکہ اس کی توسط سے DHO صاحب سے ملاقات کی شرف حاصل ہو سکے۔

جناب سپیکر صاحب؛ DHO فیاض خان صاحب نے وزیر صحت صاحب سے میٹنگ کا کہا اور عین موقعے پر آنے سے معذرت کر لی۔ اس دوران میں نے وزیر صحت صاحب کے آفس کو فون کیا اور جناب نیاز محمد، پی ایس اوٹو وزیر صحت سے دریافت کیا کہ وزیر صحت کا ڈی ایچ او چارسدہ کے ساتھ میٹنگ ہونے جارہا ہے جس پر جناب نیاز محمد صاحب نے بتایا کہ وزیر صاحب تو لاہور گئے ہوئے ہیں۔

لہٰذا جناب فیاض خان صاحب، DHO کے اس روئے اور دروغ گوئی سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب سپیکر صاحب میری گزارش ہے کہ مذکورہ استحقاق کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

PRIVILEGE MOTION

Session No. 8th
Notice No. 33
Received Time: 12:25
Received Date: 4/9/19
From Mr. / Ms. [signature], MPA
Receiver Sign: [signature]

4/9/19

محمد عارف خان،
ممبر صوبائی اسمبلی PK-60

29